04/04/2026  07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینسنجیو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*....... جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس اختتام پذیر //کئی ممبران نے ابھارے عوامی اہمیت کے معاملات ۔

*....... جموں کشمیر میں پرائیوٹ یونیورسٹیوں کے قیام سے متعلق بل اسمبلی میں پاس۔

*....... ایودھیا شہر بھارت کی شناخت اور ثقافتی گونا گونیت کا اہم ستون // لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا۔

اور

*....... LPG کا سٹاک لیکر ایک اور سمندری جہاز نے کیاآبنائے ہر موز پار // جہاز کابھارت کی جانب سفر جاری ۔

وقفہ صفر

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج اختتام پذیر ہوا ۔اجلا س کے آخری دن وقفہ صفر کے دوران ارکان قانون سازیہ نے عوامی اہمیت کے کئی معاملات ابھارے اور لوگوں کو در پیش مسائل و مشکلات کوحل کرنے کا سرکار سے مطالبہ کیا۔ متعلقہ وزراءنے سرکار کی جانب سے شروع کی گئی ترقیاتی سرگرمیوں کی تفصیلات ایوان میں پیش کی۔

سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بجٹ2026کے اجلاس سے متعلق کارروائی کا خلاصہ ایوان میں پیش کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ اور ارکان قانون سازیہ نے اسمبلی کے بجٹ اجلاس کو احسن طریقے پر چلانے کےلئے سپیکر کی تعریف کی۔

بعد میں اسپیکر نے اسمبلی کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کیا۔

یونیورسٹی بل

ایون میں آج جموں کشمیرمینپرائیوٹ یونیورسٹیوں کے قیام سے متعلق بل پاس کیا گیا ۔یہ بل وزیر تعلیم سکینہ ایتونے ایوان میں پیش کیا ۔ارکان قانون سازیہ میر سیف اللہ ، نظام الدین بٹ، فاروق احمد شاہ اور تنویر صادق نے بل سے متعلق ترمیمات پیش کیں جن کو حکومت کی یقین دہانی کے بعد واپس لیا گیا ۔بلونت سنگھ منکوٹیہ کی جانب سے پیش کی گئی ترمیم کو زبانی ووٹ کے ذریعے رد کیاگیا اور بعد میں بل کو صوتی ووٹ کے ذریعے پاس کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مذکورہ بل پاس کئے جانے پر وزیر تعلیم سکینہ ایتو اور دیگر متعلقین کو مبارکباد دی ہے۔

بل پاس

Jan Vishwas 2nd Amendment of Provisions Billاسمبلی کے ایوان میں جموں اینڈ کشمیر بھی پاس کیا گیا۔یہ بل ایوان میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے وزیر زراعت جاوید احمد 2026 ڈار نے پیش کیا ۔

نظام الدین بٹ، بلونت سنگھ منکوٹیہ ، پیر زادہ فاروق احمد شاہ اور تنویر صادق نے سرکار کی جانب سے یقین دہانی ملنے کے بعد اس ضمن میں پیش کی گئی ترمیمات واپس لے لیں۔

ستیش شرما اسمبلی

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے آج ایوان کو جانکاری دی کہ رام نگر انتخابی حلقے میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے 45لاکھ82ہزار روپے کی رقم واگذار کی گئی ڈاکٹر سنیل بردواج کے سوال کا جواب دے رہے تھے ۔ آر ایس پٹھانیہ اور بلونت MLA ہے ۔ وہ سنگھ منکوٹیہ نے اس موقعے پر ضمنات ابھارے۔

اروند گپتا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ محکمہ کھیل کود نے مڑھ حلقے میں کھیل سرگرمیوں کے فروغ کیلئے مختلف اسکیمیں دردست لی ہیں۔

سکینہ اسمبلی

اسکولی تعلیم محکمے کی وزیر سکینہ ایتو نے رفیق احمد نائیک کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کوبتایا کہ محکمہ جموں کشمیر میں تعلیم کے موجودہ ڈھانچے کو مزیدمستحکم کرنے اور

پہلے سے اپ گریڈ کئے گئے اسکولوں میں عملے کی تعیناتی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کر رہا ہے۔

سلمان ساگر کی توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں سکینہ ایتو نے ایوان میں بتایا کہ زکورہ سرینگرمیں قائم میٹرنٹی کم چائلڈ کیئر اسپتال کی تجدید کیلئے 17لاکھ روپے واگذار کئے گئے ہیں۔

سوپور ارشاد رسول کار نے سوپور قصبے میں ڈرنیج کے تعلق سے توجہ دلاؤ تحریک پیش MLA کی ۔جس کے جواب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے وزیر صحت سکینہ ایتونے کہا کہ سوپور میں دو ڈرنیج پروجیکٹوں کا کام دردست لیا گیا ہے ۔

جاوید ڈاراسمبلی

وقفہ صفر کے دوران ممبر اسمبلی غلام احمدمیر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے زراعت کے وزیر جاویدا حمد ڈار نے ایوان کو جانکاری دی کہ سرکار نے رواں سیزن کے دوران جموں کشمیر کے کسانوں کو زرعی سرگرمیوں میں معاونت فراہم کرنے کیلئے مناسب اقدامات کئے ہیں۔

رانا اسمبلی

وجے کمار کے بدلے ہیرا نگر حلقے میں ٹیوب ویلز کے MLA ممبر اسمبلی راجیو جسروٹیہ نے بارے میں سوال پوچھا جس کے جواب میں جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا کہ مذکورہ حلقے میں چھ مقامات پر پمپنگ مشینری کے ساتھ ٹیوب ویل قائم کئے گئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے شبیر احمد کُلے کے سوال کاجواب دیتے ہوئے وزیر نے کہا کہ سڑکوں کی تعمیر کیلئے حاصل کی گئی زمین کے مالکان کو متعلقہ قوانین کے تحت مناسب معاوضہ دیا گیا ہے ۔

پن بجلی پروجیکٹ Sawalkote پون کمار گپتا کے سوال کے جواب میں وزیر موصوف نے کہا کہ کیلئے باز آباد کاری منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔

شیخ خورشید کی توجہ دلاؤتحریک کے جواب میں وزیر موصوف نے کہاکہ ہندواڑہ میں صارفین سے پینے کے پانی کی فیس وصول کرنے کیلئے علاقے میں ایک دن کیلئے پانی کی سپلائی علامتی طور بند کر دی گئی۔

دیو یانی رانا کی توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں جاوید احمد رانا نے ایوان کو بتایاکہ پبلک ہیلتھ درج FIR محکمے انجینئرنگ محکمے کے ٹرانسفارمر اور دیگر سامان کی چوری کے معاملے میں کی گئی ہے ۔

حسنین مسعودی کی توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں وزیر نے کہاکہ پانپور کے زعفران کے کھیتوں میں Porcupine کی موجودگی کی اطلاع ملنے کے بعد اس سے نمٹنے کیلئے جامع منصوبہ ترتیب دیا گیا ہے ۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ایودھیا صرف بھگوان رام کاہی شہر نہیں ہے بلکہ یہ ہماری عالمی شناخت ، معاشی استحکام اور ہماری ثقافتی گو نا گونیت کا ایک اہم ستون بھی ہے اور IGNCA ۔اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس نئی دلی میں شری ایودھیا نیاس کی طرف سے پرگیا سنستھان کے اشتراک سے منعقدہ آٹھویں ایودھیا پرو سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ دنیا کو بھگوان رام کے اصولوں ، دھر ما ، فرائض اور قربانی جیسے اقدار سے سیکھ حاصل کرنی چاہئے ۔

-------LG------

ایسٹر

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایسٹر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ملک کے ساتھ ساتھ وادی کشمیر میں بھی یہ مذہبی تقریب کل منائی جا رہی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج بس اسٹینڈ جموں کے نزدیک تعمیر کئے گئے پل کا افتتاح کیا ۔اس موقعے پر MLA-یُدویر سیٹھی اور انتظامیہ کے دیگر افسران موجود تھے

سنجیو کمار

جمونوکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس سنجیو کمار نے آج کٹھوعہ میں جموں کلب کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ نوجوانوں Legal Literacy سنسکرتی سکول میں کو قانون سے متعلق بنیادی جانکاری فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

PIB

مغربی ایشیاءکی موجودہ پُر تناؤ صورتحال کے مدنظر مرکزی سرکار مختلف شعبوں میں سہولیات کی بہتر عمل آوری کو یقینی بنانے کےلئے موثر طریقے پر کام کر رہی ہے۔

پریس انفارمیشن بیورو کی جانب سے جا ری ایک پریس بیان کے مطابق توانائی خصوصاً پیٹرولیم مصنوعات اور رسوئی گیس کی بلا خلل سپلائی کو یقینی بنانے کےلئے متعلقہ وزارت ٹھوس اقدا مات کر رہی ہے۔ سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں ضروری اشیاءکی کوئی کمی نہیں ہے اور لوگ کو Panic Buying-سے احتراض کریں

بردار بھارتی آبی جہاز ”گرین سانوی“ نے کشیدگی سے متاثرہ آبنائے LPGاس دوران ایک اور حرمز پار کیا ہے اور اس جہاز کا سفر بھارت کی جانب سے جا ری ہے۔

اعجاز ایوب

مغربی ایشیاءمیں جا ری کشید گی کے جہاں دنیا کے بیشتر ممالک میں ضروری اشیاءکی دستیابی کے تعلق سے لوگوں میں تشویش پائی جا رہی ہیں وہیں جموںو کشمیر میں بھی اس سلسلے میں لوگوں کا رد عمل سامنے آیا ہے۔ اس بارے میں جموںو کشمیر کے ایک نامور ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

------Dr.Aijaz------

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج ضلع انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں حج2026 کےلئے عازمین کی روانگی سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوننے عازمین کی سہولت کےلئے تمام محکموں کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی ہدا یت دی ۔

واضح رہے کہ اس سال جموںو کشمیر سے 4ہزار 706 عازمین سفر محمود پر روانہ ہو رہے ہیں ۔ عازمین کی روانگی کا سلسلہ18اپریل سے شروع ہوکر28اپریل تک جا ری رہے گا۔

مارم

مصنوعی ذہانت زند گی کے مختلف شعبوں پر اپنے اثرات مرتب کر رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت کی اہمیت کے تعلق سے بھارت میں حالیہ دنوں ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں کئی ممالک کے نمائندوں نے شرکت کر کے آرٹیفشل انٹیلی جنس کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔

اس بارے میں ویژن ڈیجیٹل انڈیا بنگلورو کے بانی چیرمین ڈاکٹر ہری کرشن مارم نے آکاشوانی نیو زسرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----(Maram)--Byte-----

عبدالاحد آزاد

جموںو کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز اور گلشن کلچرل فورم کشمیر کے باہمی اشتراک سے آج بڈگام ضلعے کے بدرن ماگام کے گورنمنٹ ہائی سکول میں تاریخ ساز ادیب اور شاعر عبدالاحد آزاد کی77ویں برسی کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ادیبوں اور قلمکاروں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

تقریب کی صدارت نامور قلمکار اور دوردرشن کیندر سرینگر کے سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر رفیق مسعودی نے کی جبکہ معروف ادیب اور نقاد ڈاکٹر غلام نبی حلیم اور گلشن کلچرل فورم کے صدر سید بشیر کوثر بھی ایوان میں صدارت میں موجود تھے۔ معروف براڈ کاسٹر نثار نسیم نے تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔

مقررین نے مرحوم عبدالاحد آزاد کی ادبی اور سماجی خدمات کو یاد کر تے ہوئے انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔

سیاسیGong

*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

NC

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا ہے کہ اس پارٹی کی صدر ماضی میں دیئے گئے بقول ان کے عوام مخالف بنایات کے بارے میں اپنی وضاحت دیکر لوگوں کو گمرہ کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔

اس دوران نیشنل کانفرنس نے گاندربل میں پیش آئے واقعے کی مجسٹریل تحقیقات کے احکامات کا خیر مقدم کیا ہے۔

وحید رحمان پرہ

پلوامہ وحید الرحمان پرہ نے الزام لگایا ہے کہ حزب اقتدار MLAپی ڈی پی کے سینئر لیڈر اور کے ممبران اور وزراء قانون ساز اسمبلی میں پی ڈی پی کے ممبران اور ان کی جانب سے أبھارے گئے سوالات یا معاملات کو سنجیدگی کے ساتھ نہیں لے رہے ہیں۔ جموں میں ایوان اسمبلی کے باہر نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے وحید الرحمان نے کہا کہ حزب اقدار کے ممبران سوالوں کے مبہم جوابات دیتے ہیں اور اسطرح عوام کی راحت رسانی میں لیت و لعل کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

-------Byte------

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے الزام عائد کیا ہے کہ جموں کشمیر میں غیر معیاری اور غیر تسلیم شدہ جراثیم کُش ادویات کی خرید فروخت کی جا رہی ہے ۔ جس کیلئے انہوں نے سرکار کو ہدف تنقید بنایا ہے ۔ انہوننے اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کرنے کی مانگ کی ہے۔

غلام علی

ضلع میں Araria کے سینئر لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج بہار کےBJP فلائی ہائی لرننگ اسکول کا افتتاح کیا ۔ اس موقعے پر کئی دانشور اور ماہر ین تعلیم موجود تھے۔

رانا تعزیت

قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے گجر بکروال طبقے سے وابستہ ایک معروف قلمکار اور شاعربابو نور محمد نور کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔

انہوں نے غمزدہ خاندان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعا کی ہے ۔

پولیسGong

*.......اب پیش ہیں پولیس کی عوام دوست اور منشیات مخالف سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

---Gong---

کشمیر پولیس

منشیات کے خلاف جا ری کارروائیوں کے تحت پولیس نے سوپور میں عاشق حسین شالہ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا جبکہ شوپیان میں منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کےلئے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا۔

لداخ پولیس

لداخ خطے میں لداخ پولیس میں سب انسپکٹروں اور کانسٹیبلز کی اسامیوں کی بھرتی کیلئے لداخ پولیس اورینٹیشن پروگرام کیلئے تقریبا 1ہزار8سو نوجوانوں نے اپنا اندراج کرایا ہے ۔

ہمارے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ اورینٹیشن کے پہلے دن آج کرگل کے کھری سلطان چُو اسٹیڈیم میں6سو نوجوانوننے پروگرام میں شرکت کی ۔

کرگل نتین یادو نے کہاکہ زنسکار کیلئے اسی نوعیت کا پروگرام منعقد کیاجائے گا۔SSP

کولگام

کولگام ضلعے کے قاضی گنڈ ایمر جنسی اسپتال میں ایک ماہ تک جا ری رہنے والی طبی کیمپ کا آج آغاز ہوا۔
محکمہ

---

صحت کے اہتمام سے منعقد کئے جانے والے اس کیمپ کے دوران آنکھوں کے امراض کے ٔ علاج کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک شہر ی نثارا حمد ڈارنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

-- -(Byte)--

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابقجمونو کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 13 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر54منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

.................................................

...........................

.............

....